## مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## Maulana Azad National Urdu University

## M.A.Urdu IV Semester, April/May-2026

Paper Title: **Drama** Paper Code**: MAUR402DST**

**پرچہ : ڈراما**

Time : **3** Hrs **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔
**(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔
**(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔
**(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اوّل

**سوال : 1**

(i) امانت لکھنوی کے ڈراما ''اندر سبھا'' میں کس کی داستانِ عشق پیش کی گئی ہے؟

(a) سبز پری۔گلفام (b) لال پری۔گلفام (c) نیلم پری۔گلفام (d) پکھراج پری۔گلفام

(ii) درج ذیل میں کون سا ڈراما آغا حشر کاشمیری کا نہیں ہے؟

(a) سفید خون (b) حبّہ خاتون (c) رستم سہراب (d) بلوا منگل

(iii) ''اردو ڈرامے کی تاریخ و تنقید'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) وقار عظیم (b) محمد حسن (c) شاہد حسین (d) عشرت رحمانی

(iv) درج ذیل میں کون سا کردار ''انارکلی'' کا نہیں ہے؟

(a) ثریا (b) دلارام (c) نسیمہ (d) مروارید

(v) ''ریڈیو ڈرامے کا فن'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) عشرت رحمانی (b) اخلاق اثر (c) محمد شکیل اختر (d) کمال احمد صدیقی

(vi) ریڈیائی ڈراموں کے مجموعہ ''دروازہ'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) کرشن چندر (b) اوپندر ناتھ اشک (c) سعادت حسن منٹو (d) امتیاز علی تاج

(vii) درج ذیل میں کون سا ڈراما حبیب تنویر کا نہیں ہے؟

(a) آگرہ بازار (b) ضحاک (c) مٹی کی گاڑی (d) چرن داس چور

(viii) امتیاز علی تاج کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(a) دہلی (b) لکھنؤ (c) لاہور (d) آگرہ

(ix) درج ذیل میں کون سا جوڑ درست نہیں ہے؟

(a) اندر سبھا۔امانت لکھنوی (b) چچا چھکن۔امتیاز علی تاج (c) پونگا پنڈت۔حبیب تنویر (d) آزمائش۔محمد مجیب

(x) ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' میں مذہبی رہنما بروٹس کی بیٹی کا نام کیا تھا؟

(a) آکٹیویا (b) حنا (c) راحیل (d) جونا

## حصہ دوم

2. امانت لکھنوی کی ڈراما نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3. ریڈیو ڈراما کی تعریف اور خصوصیات بیان کیجیے۔

4. حبیب تنویر کی ڈراما نگاری پر روشنی ڈالیے۔

5. آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6. ڈراما ''آگرہ بازار'' کا جائزہ لیجیے۔

7. محمد مجیب کی ڈراما نگاری پر روشنی ڈالیے۔

8. ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کا جائزہ لیجیے۔

9. ڈراما ''خانہ جنگی'' کا جائزہ لیجیے۔چھک

## حصہ سوم

10. اردو ڈراما کے آغاز وارتقاء پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11. ڈراما ''اندر سبھا'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

12. ڈراما کی تعریف اور اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

13. ڈراما ''انارکلی'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

14. امتیاز علی تاج کی ڈراما نگاری پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆